# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: "امانت و دیانت کے پیکر" | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکریاں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ ساری دنیا کے لیے رحمت بن کر تشریف لائے۔
- رحمت للعالمین کا مطلب ہے، تمام جہانوں کے لیے رحمت۔
- چار چار بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کے بچوں کو الگ الگ دائروں کی صورت میں بٹھائیں۔
- بچوں کو پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ کی سیرت سے متعلق کتابیں فراہم کریں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک کتاب دیں۔ اس کے علاوہ ایک سادہ کاغذ بھی دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ کتاب میں سے کوئی واقعہ نکالیں جس سے ثابت ہو کہ نبی کریم خاتم النبیین ﷺ پوری انسانیت کے لیے رحمت بن کر آئے۔ بچوں کو واقعہ لکھنے کے لیے کچھ وقت دیں۔
- جہاں مشکل پیش آئے، ان کی رہ نمائی کریں۔ جب تمام گروہوں کے بچے ایک ایک واقعہ تلاش کر لیں تو بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنا منتخب کردہ واقعہ درست تلفظ اور لہجے کے اُتار چڑھاؤ کا خیال رکھتے ہوئے پڑھیں۔
- باقی گروہوں کے بچے سنیں۔
- ہر واقعہ مکمل ہونے کے بعد اس کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔ اس کے علاوہ واقعے کے اخلاقی سبق پر بھی بات چیت کریں۔
- یہ سرگرمی باری باری تمام گروہوں میں کرائی جائے۔ اس سرگرمی کا مقصد بچوں کو اگلے سبق کے لیے تیار کرنا تھا۔



## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 13 کھولنے کا کہیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "امانت و دیانت کے پیکر" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر "13" کھولیں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کرلیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- اسی طرح صفحہ نمبر 13 کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام "امانت و دیانت کے پیکر" | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں جانے سے پہلے سبق کے صفحہ نمبر 14 میں موجود مشکل الفاظ کی پرچیاں بنا کر پہلے سے تیار کر لیں۔
- تمام پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈال کر جماعت میں لے آئیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنا لیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ "الف" اور گروہ "ب" کا نام دے دیں۔
- الفاظ پر مشتمل ٹوکری جماعت میں موجود میز پر رکھ دیں۔
- اب دونوں گروہوں کے بچوں کو کہیں کہ وہ باری باری آئیں اور ان میں سے ایک ایک پرچی اٹھا کر اس پر لکھے لفظ کی بلند آواز میں پڑھائی کریں۔
- جو بچے درست طور پر الفاظ کی پڑھائی کریں گے۔ ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کتاب کے صفحہ نمبر 14 کی پڑھائی کریں گے۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 14 کھلوائیں۔ اور پہلی دو لائنوں کی بلند خوانی خود کریں۔
- ہر لفظ درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختۂ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- ہر لائن کی پڑھائی کے ساتھ بچوں کو اس کا مفہوم بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- اب جماعت کے بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔
- خیال رکھیں کہ متن پڑھنے کے لیے ان بچوں کو منتخب کریں جنھوں نے گزشتہ روز نہ پڑھا ہو۔

- ہر بار مختلف بچوں کو پڑھنے کا موقع دیں تا کہ کوئی بچہ نظر انداز نہ ہو۔
- جہاں بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہ نمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ اپنی لائن کی پڑھائی مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور وہ جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کریں گے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سبق سے متعلق چند سوال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 4 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | | سبق کا نام "امانت و دیانت کے پیکر" | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔


**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ کاغذی جیبیں، چارٹ پیپر کے پھول اور پتیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے کام کا آغاز ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے کریں گے۔
- بورڈ پر چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی چار کاغذی جیبیں چسپاں کر دیں، جن میں الفاظ کے کارڈ ڈال دیں۔
- اب جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری بلائیں، ان سے کہیں کہ وہ ان کاغذی جیبوں میں سے اپنی مرضی کے کارڈ نکالیں، ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور پھر ان سے متعلق ایک ایک جملہ بولیں۔
- ایک لفظ کا درست جملہ بتانے کے دو نمبر ملیں گے۔ آخر میں جن بچوں کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائیں گے۔





## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود مشق میں نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- کتاب کے الفاظ معانی کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے آج ہم چند الفاظ کے معانی اور مفہوم جانیں گے تاکہ ہم سبق کو آسانی سے سمجھ سکیں۔
- الفاظ معانی کا مقصد بچوں کو مختلف الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا ہے تاکہ وہ اپنے ذخیرہ الفاظ سے روزمرہ گفت گو میں اِن الفاظ کا بہتر استعمال کرسکیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود الفاظ اور ان کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔

- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔ جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کردیں۔
- اب اِن پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ، معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتّے ہوں وہ ان کے پاس جاکر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کردیں۔
- کسی ایک یا دو الفاظ کے معنی جان بُوجھ کر غلط چسپاں کریں اور بچوں سے ان کی درستی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کی مزید فہم کے لیے کچھ بچوں کو الفاظ اور کچھ کو معانی پر مشتمل پرچیاں دیں۔
- اب بچوں کو ان پرچیوں کو کھولنے کے لیے کہیں۔
- پرچی کھولنے کے بعد سب بچے باری باری اپنی پرچی پر لکھا ہوا لفظ باآوازِ بلند پڑھیں تاکہ باقی بچے بھی سن سکیں۔
- بعد ازاں الفاظ پر مشتمل پرچیوں والے بچوں کو ایک قطار اور معانی پر مشتمل پرچیوں والے بچوں کو دوسری قطار میں کھڑا کریں۔
- پہلی قطار کا ایک بچہ اپنی پرچی پر لکھا لفظ بولے، جبکہ دوسری قطار میں موجود وہ بچہ جس کے پاس اس لفظ کے معانی والی پرچی ہو وہ ہاتھ کھڑا کرے اور لفظ والے بچے کے ساتھ جوڑا بنا کر کھڑا ہو جائے۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔

اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

### دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

سپرد کرنا

اخلاق

منافع

جوں کی توں

امانت

اظہار کرنا

نمایاں

محض

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام "امانت و دیانت کے پیکر" | |
| **مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ شیٹ | | | |

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر سبق سے متعلق چند سوال لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ سے شیٹ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق دو دو سوال پوچھیں۔
- دوسرے گروہ کے بچے ان کے جوابات دیں گے۔
- پھر اسی طرح دوسرے گروہ کے بچے پہلے گروہ کے بچوں سے سوال پوچھیں گے اور پہلے گروہ کے بچے ان کے جواب دیں گے۔
- جس گروہ کے بچے سوالات کے درست جواب دیں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں سے صفحہ نمبر 13 اور 14 کی پڑھائی کروائیں تا کہ بچوں کے ذہن میں سبق پھر سے تازہ ہو جائے۔
- اس طرح وہ کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال نمبر 1 کو آسانی سے حل کر سکیں گے۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کر لیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- اس کے بعد جن سوالوں کے جوابات معلوم کرنے ہیں ان کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- ایک ایک سوال کے ممکنہ جوابات کی پرچیاں بنا کر ایک ایک گروہ کو دے دیں۔
- بورڈ سے ایک سوال کی خود پانچ سے سات مرتبہ پڑھائی کریں، تا کہ سوال بچے کو اچھی طرح یاد ہو جائے۔
- اس کے بعد جس گروہ کو اس سوال کے ممکنہ جواب کی پرچیاں دی تھیں ان سے کہیں کہ وہ ان پرچیوں میں سے درست جواب ڈھونڈ کر بتائیں۔ کہ اس سوال کا ممکنہ اور درست جواب کون سا ہے؟
- اسی طرح باقی کے سوال بھی پڑھیں اور ان کے جوابات حاصل کریں۔
- اس کے بعد بورڈ پر کتاب کے سوال نمبر 1 میں موجود تمام سوالات لکھیں۔

| |
|---|
| • ایک ایک کر کے بچوں سے ان سوالات کے جواب لکھوائیں اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔<br>• آخر میں تمام سوالات کے ان جوابات کی بچوں کو پڑھائی کروائیں اور کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:(3 منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:(5 منٹ)** بورڈ پر چند سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:(2 منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق بھی کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ بھی مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف مُشرکینِ مکّہ حضرت محمد رسُول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو ''امین'' کہہ کر کیوں پُکارتے تھے؟

---

---

ب حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنا مالِ تجارت حضرت محمد رسُول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے سپرد کیوں کِیا؟

---

---

ج حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت محمد رسُول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے نِکاح کی خواہش کا اِظہار کیوں کِیا؟

---

---

د مکّہ مکرّمہ سے ہجرت کے وقت حضرت محمد رسُول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مکّہ مکرّمہ میں کیوں چھوڑا؟

---

---

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام "امانت و دیانت کے پیکر" | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

خالی جگہ پُر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گیند، پرچیاں، کارڈ، ٹوکری،

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی اس سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی چھے پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو تین گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں تینوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی دو دو پرچیاں اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر دیے گئے مشق کے سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو خالی جگہ پُر کرنے کے لیے دو دو لفظوں کی پرچیاں بھی دیں جن میں سے ایک لفظ درست اور دوسرا غلط ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، پھر پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان میں سے درست الفاظ چن کر ان کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر جملہ مکمل کرے اور اس کی خواندگی کرے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ: (3 منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ: (5 منٹ)** بورڈ پر چند نامکمل جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کو مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام: (2 منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام "امانت و دیانت کے پیکر" | | |

**مقاصد:** بات چیت کر کے سبق کے اہم نکات سنا سکیں۔

اپنی پسند ناپسند کا اظہار کر سکیں۔


عبارت کی تفہیم کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ رسی

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں سے کہیں کہ آج ہم سبق "امانت و دیانت کے پیکر" کے اہم نکات ایک دوسرے کو بتائیں گے۔
- اس کام کے لیے جماعت کے بچوں کو گروہی شکل میں بٹھائیں اور سبق کی خاموش پڑھائی کرنے کو کہیں ساتھ ہی بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ سبق پڑھ کر اس کے اہم نکات اپنی اپنی کاپی میں لکھیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- وقت مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ ایک ایک کر کے جماعت کے سامنے آئیں اور اپنے اپنے لکھے گئے نکات اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے تمام بچوں کے ساتھ دہرائیں۔
- آخر میں جماعت کے بچوں کو سبق کے اہم نکات بتائیں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت پر روشنی ڈالیں۔
- اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ ان کو سبق کا آغاز کیسا لگا؟ اور اس سبق سے آپ نے کیا سیکھا؟
- تمام بچوں سے ان سوالات کے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں اور ہر ٹیم میں سے چار چار بچوں کو بلا لیں۔
- بورڈ کے سامنے ذرا فاصلے پر لمبائی کے رخ میں ایک رسی رکھ دیں۔
- دونوں ٹیموں کے بچوں کو قطار میں اس رسی کی دونوں اطراف میں اس طرح سے کھڑا کر دیں کہ ان کے چہروں کا رخ بورڈ کی طرف ہو اور بورڈ کو ان کا Winning point بنا دیں۔
- بورڈ پر لفظ 'لکب' لکھیں اور ساتھ ہی لفظ "لکب" کی درست املا بورڈ پر لکھیں۔

- اس کے ساتھ ہی کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر موجود سوال نمبر 6 کی سر گرمی میں لکھے تمام الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ جو بچہ سب سے پہلے ان الفاظ کی درست املا لکھے گا، وہ چاہے قطار میں کہیں بھی کھڑا ہو، واپس جا کر اپنی ٹیم کی قطار میں سب سے آگے جا کر کھڑا ہو جائے گا۔
- اس طرح یہ سر گرمی تمام الفاظ پر کروائیں۔
- آخر میں جس ٹیم کے بچے زیادہ الفاظ لکھتے ہوئے بورڈ کے زیادہ قریب ہوں گے، وہ ٹیم فاتح قرار پائے گی۔
- اسی طرح یہ سر گرمی باقی گروہ کے باقی بچوں سے بھی کروائیں۔
- جو بچے مقررہ وقت میں یہ کام کر لیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں کوئی انعام دیا جائے گا۔
- اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر موجود سوال نمبر 7 کی سر گرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں سے کتاب کھلوائیں اور بچوں سے سوال میں موجود عبارت خاموشی سے پڑھنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کی عبارت پڑھنے کے بعد عبارت کے نیچے لکھے تمام سوالات بورڈ پر لکھیں۔ اور متفرق بچوں سے ان کے جواب حاصل کریں۔
- آخر میں درست جواب لکھنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ ایسے لکھیں جن کی املا درست نہ ہو اور متفرق بچوں سے ان الفاظ کی درست املا لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔

امانت اُس مال یا سامان کو کہتے ہیں جو کسی کے پاس بطورِ حفاظت رکھا جائے اور جس کے پاس اَمانت رکھی جائے اُسے اَمانت دار یا اَمین کہتے ہیں۔ اِسلام اچّھے اعمال کرنے کی ترغیب اور بُرے اعمال سے بچنے کی تعلیم دیتا ہے۔ اچّھے اعمال میں سے ایک عمل یہ بھی ہے کہ اگر کوئی شخص اپنا مال یا سامان کسی شخص کے پاس بطورِ امانت رکھواتا ہے تو ساری اِنسانیت کے نبی حضرت محمد رسُول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سُنّت کے مطابق اُس مال یا سامان کو بطورِ اَمانت رکھ کر اپنے بھائی کی مدد کرے اور جب وہ شخص اپنی اَمانت طلب کرے تو اَمین کو چاہیے کہ اَمانت کو دَیانت داری سے جُوں کی تُوں واپس کرے۔ اَمانت کو دَیانت داری سے واپس کرنے سے آپس میں میل جول، محبّت اور ایک دُوسرے پر بھروسا پیدا ہوتا ہے جو ایک اچّھے معاشرے کے وجود کا سبب بنتا ہے۔

الف: امانت دار کسے کہتے ہیں؟

ب: اسلام کس قسم کے اعمال کرنے کی ترغیب دیتا ہے؟

ج: امانت کو دیانت داری سے واپس کرنے سے معاشرے پر کیسے اثرات مرتب ہوتے ہیں